یونس 10-1:3 زبور: 30

## مقدس لوقا 32-29:11

**''خداوند کو اپنی طاقت سے پکارا جائے''۔ یونس 8:3**

روزوں کے ایام خداوند کی طرف اپنی پوری قوت سے واپس آنے کے دن ہیں ۔ جی ہاں آج درحقیقت دُنیا کو نجات کی شدت سے ضرورت ہے۔ لیکن ہمارا خداوند سب سے بڑا ہے۔ وہ ہماری دعائیں سُنتا ہے ۔

اے میرے خداوند یسوع میں تیرا ہونا چاہتا ہوں اور اپنی زندگی سے تجھے پکارنا چاہتا ہوں۔ مجھے یقین ہے کہ تو سب کچھ کریگا۔





آستیر 17:4 زبور 137

## مقدس متی 12-7:7

**''کھٹکھٹاؤ تو تمہارے واسطے کھولا جائے گا''۔ مقدس متی 7:7**

بہت دفعہ نہ تو ہم کھٹکھٹاتے اور نہ ہم خُدا سے مدد مانگتے ہیں۔ اور یہ سب ایمان کی کمی کی وجہ سے ہوتا ہے یا پھر ہمارے پاس کوئی اور دوسرا راستہ نہیں ہوتا۔ ہمارا ایمان یہ نہیں کہ ہم نا اُمید ہوں۔

لیکن کتنی دفعہ باپ ہماری زندگی میں آنے سے خوش ہوتا ہوگا۔ کیا ان روزوں کے ایام میں ہمارا بھروسہ اور اعتقاد بڑھ سکے گا اور حقیقی طور پر ہماری زندگی میں تبدیلی آئے گی؟

حزقیال 28-21:18 زبور:129

مقدس متی 26-20:5

**""اگر تمہاری راستی فقیہوں اور فریسیوں کی راستی سے زیادہ نہ ہو تو تُم خدا کی بادشاہی میں ہرگز داخل نہ ہو گے"۔ مقدس متی 20:5**

سیمنری میں ایک طالب علم اپنے ساتھیوں کے لئے پروفیسر کے نوٹس ٹائپ کرتا تھا کسی نے اسے کہا کہ یہ ٹھیک نہیں کہ تو یہ سب مفت کر کے دے۔ پھر اسے اس کا معاوضہ ملنے لگا۔لیکن اُس نے خدمت کی خوشی کھو دی۔ یہ انصاف ایک باپ کے بیٹے کا نہیں تھا جو کہ ہمیشہ بغیر معاوضہ پیار کرتا ہے۔





مقدس کیسمیر

تثنیہ شرع 19-16:26 زبور:118

مقدس متی 48-43:5

**""کیونکہ وہ اپنے سورج کو نیکوں اور بدوں پر طلوع کرتا ہے"۔ مقدس متی 45:5**

خدا سب کچھ کر سکتا ہے اس لئے وہ سب کو پیار کرتا ہے۔ ہر کسی کو فرق طریقے سے پیار کرتا ہے۔ اس کی نجات کے زاویے سے اور میں جو بُرا ہوں باپ مجھے پیار کرتا ہے۔ میں بھی صرف نیکوکاروں کو پیار کروں گا کیونکہ باپ مجھے پیار کرتا ہے۔

تکوین 12:1-4 زبور 32

2 تیموتاؤس 1:8-10 مقدس متی 17:1-9

**''اور بادل میں سے آواز آئی۔ کہ یہ میرا بیٹا ہے''۔ مقدس متی 5:17**

آج روزوں کے ایام کا دوسرا اتوار ہے۔ وہ سفر جو ہمیں یسوع کی موت اور جی اُٹھنے کے بھید میں داخل کرتا ہے اس میں حقیقی طور پر شامل ہونے کے لئے ہر ایک کو ایمان لانا لازمی ہے۔ پہلے ہمارے اندر اور باہر کی حقیقت ہمیں اپنا راستہ بدلنے کی طرف اُکساتی ہے۔ اس لئے دیکھیں آج ہمارے لئے بھی اس وقت ان تین رسولوں کے لئے باپ کے یہ الفاظ ہمیں یقین دلاتے ہیں کہ یہ میرا بیٹا ہے۔ اِس کی سنو ہمیشہ بغیر کسی ڈر اور خوف کے۔





دانیال 9:4-10 زبور: 78

مقدس لوقا 6:36-38

**''کیونکہ جس پیمانے سے تم ناپتے ہو اُسی سے تمہارے لئے بھی ناپا جائے گا''۔ مقدس لوقا 6 : 38**

جب میں اپنے بھائی کو معاف کرتا ہوں تو گویا میں خدا کو اجازت دیتا ہوں کہ وہ مجھے معاف کر دے، رحم دل ہونا کتنا اچھا ہے۔ یہ ایسے ہے جیسے اپنے آپ کو آسمانی باپ کی باہوں میں محسوس کرنا۔

## مقدسہ پرپیتو، مقدسہ فلستی

**اشعیا 20-16,10:1** **زبور 49**

**مقدس متی 12-1:23**

**"جو کوئی اپنے آپ کو چھوٹا بنائے گا وہ بڑا کیا جائیگا"۔ مقدس متی 12:23**

مجھے اپنے بھائی کے نظریے کو قبول کرنے کے لئے اپنا نظریہ چھوڑنا بڑا مشکل لگتا ہے۔ یہ لنگڑاتا ہوا محسوس ہوتا یا پھر مجھے یہ اذیت دیتا ہے۔ لیکن یسوع اس جگہ کو اپنے پیار سے پُر کرتا ہے۔ جو میں کسی اور کے لئے دیتا ہوں۔





## خُدا کا مقدس جان

**ارمیا 20-18:18** **زبور 30**

**مقدس متی 28-17:20**

**"اے خداوند میری طرف متوجہ ہو"۔ ارمیا 19:18**

یہ ارمیا کی التجا ہے جب وہ اپنے مخالفوں سے ستایا جاتا ہے۔ یہ ہی وہ درخواست ہے جو ہم بھی اپنے مشکل وقت میں خداوند سے کر سکتے ہیں جو ہمیں پیار کرتا ہے۔ ہم یہ امید نہ لگائیں کہ سب جادُو کی چھڑی کی طرح خود ہی حل ہو جائے گا۔ لیکن ہم امید رکھیں کہ خداوند یسوع مسیح ہمیں ہمت اور طاقت دے گا تاکہ اس کے ساتھ مل کر خود کو دوسروں کو دے سکیں

## روم کا مقدس فرانسیس

ارمیا 10-5:17 زبور:1

مقدس لوقا 31-19:16

**”میں خداوند دل کو جانچتا اور گُردوں کو آزماتا ہوں“ ارمیا 10:17**

اے خُداوند تُو نے ہی مجھے محبت سے خلق کیا ہے اور اے یسوع تُو جو میری خاطر صلیب پر چڑھ گیا۔ میرے دل اور دماغ کو جانچنے کے لئے میری زندگی کو بہت خوبصورت، آزاد اور زیادہ خوش بنا دیا۔ اے خداوند میری طرف اپنی نگاہ رکھ اور آج بھی مجھے بچائے رکھ۔





تکوین 28-17,13-12,4-3:37 زبور:104

مقدس متی 46-45,43-33:21

**”خدا کی بادشاہی تم سے لے لی جائیگی اور ایک قوم کو دے دی جائیگی جو اس کے پھل ادا کرے“۔ مقدس متی 43:21**

اے خداوند یسوع مسیح میں بھی اس قوم کا حصہ ہوں کلیسیاء جو تیری محبت کی صلیبی قربانی سے پیدا ہوئی۔ مجھے ہمیشہ اپنی حلیمی کی روح عطا کرتا کہ میں بھی فراخدلی سے وہ کام کر سکوں جو آسمانی باپ کو جلال دے سکیں۔ جو کہ اپنے تمام بچوں کو اپنے ساتھ خوشی میں رکھنا چاہتا ہے۔

میکا 7:14-15,18-20 زبور 102

مقدس لوقا 1-3,11-32

**”خوشی منانا اور شادمان ہونا واجب تھا“۔ مقدس لوقا 15:32**

اے خداوند یسوع مسیح جو تیرے ساتھ تیری پاک کلیسیاء میں زندگی بسر کرتا ہے۔ اسے چاہیے کہ بیٹے کی زندگی گذارنے کے فضل کے ساتھ وہ فرمانبردار اور برکت میں جئے اور اس کے احساسات بھی تیری محبت کی رُوح سے ہدایت پاتے ہیں یعنی محبت سے مسکرائے اور محبت سے آنسو بہائے اپنے احساسات کی پرواکئے بغیر۔





خروج 17:3-7 زبور 94

رومیوں 5:1-2,5-8 مقدس یوحنا 4:5-42

**”میں ہوں جو تجھ سے مخاطب ہوں“۔ مقدس یوحنا 4:26**

گناہگار، بے ترتیب اور پیاسی سامری عورت کے سامنے وہ ہے جو ہر پیاس مٹاتا ہے۔ خداوند یسوع مسیحی جو تھکا ہوا لیکن نجات دہندہ ہے۔ مَیں ہوں جو تجھ سے بات کرتا ہوں۔ اے خداوند یسوع مسیح تیرا شکریہ جو مجھے ملا۔ اور اب سے میں پیاسا نہیں ہوں گا۔

## 2۔ملوک 5:1-15     زبور:41

### مقدس لوقا 4:24-30

**"میں نے جان لیا ہے۔کہ ساری دُنیا میں کوئی خدا نہیں مگر اسرائیل میں"۔ 2۔ملوک 5:15**

نعمان ایک دشمن قوم کا سپہ سالار اب اپنے دیوتاؤں پر یقین نہیں رکھتا ۔لیکن واحد خدا پر جس پر اسرائیل قوم ایمان رکھتی ہے۔ وہ ایمان تک پہنچتا ہے۔ جب وہ تجربہ کر لیتا ہے کہ یہ ایک خدا ہے۔ جو درحقیقت پیار کرتا ہے جب وہ دشمنوں کی بھلائی چاہتا اور اُنہیں بچانا چاہتا ہے۔اے باپ میں نے بھی تجربہ کیا ہے کہ تُو مجھے پیار کرتا ہے اور میری زندگی کو پاک کرنا اور تبدیل کرنا چاہتا ہے۔ میں تیرا شکر اور تیری فرمانبرداری کرنا چاہتا ہوں۔





## دانیال 3:25,34-43     زبور:24

### مقدس متی 18:21-35

**"اپنے عجائبات کے ذریعے مجھے بچا"۔دانیال 3:43**

ایک نافرمان بچہ جس نے اپنا پسندیدہ کھلونا توڑ لیا تو اب وہ کس کے پاس جائے گا سوائے اپنے باپ کے؟ اُس سے سیکھیں جو نافرمان اور پریشان ہے اور باپ کی محبت سے واقف ہے اس لئے ابھی بھی وہ صرف اپنے باپ کے پاس جائے گا کیونکہ اس کی محبت ختم نہیں ہوئی اور وہ ابھی بھی ہمارے لئے معجزے کرنے کو تیار ہے۔

اخبار 4:1,5-9

زبور 147

## مقدس متی 5:17-19

**"جو اِن احکام پر عمل کریگا وہ خدا کی بادشاہی میں سب بڑا کہلائے گا" متی 5:19**

اے خداوند یسوع مسیح تُو نے اپنی ماں کی گود اور، مقدس یوسف کے کام کی جگہ سے پاک کلام کو پیار کرنا شروع کر دیا تھا۔ اب یہ اپنی محبت میں ہم کو شریک کرتا ہے۔ یہ پیارے بچوں کی حلیمی ہے۔ جو اپنے باپ کی حکمت سے فیض یاب ہوتے ہیں۔ جو انہیں حقیقی زندگی کے چشموں کے طرف لے جاتی ہے۔





ارمیا 7:23-28

زبور:94

## مقدس لوقا 11:14-23

**"جو میرے ساتھ اکٹھا نہیں کرتا وہ بکھیرتا ہے" مقدس لوقا 11:23**

اے خداوند یسوع مسیح تو خود کو بڑے صاف طریقے سے عیاں کرتا ہے اور میرا تجھ پر مکمل یقین ہے۔ آج میں اپنی دی گئی پوری خدمات کو ذمہ داری سے نبھاؤں گا۔

اے خُداوند میں تجھ میں اور تیرے ساتھ متحد ہونا چاہتا ہوں تا کہ خاندان اور معاشرے میں میری محنت رائیگاں نہ جائے۔

## مقدس پیٹرک

**ہوشیع 10-2:14** **زبور 80**

**مقدس مرقس 34-28:12**

**پہلا یہ ہے: "سُن اے اسرائیل"۔ مقدس مرقس 29:12**

"پرانے عہد نامہ میں یہ بنیادی لفظ ہے۔ سُن۔ خداوند یسوع مسیح میرے لئے بھی دہراتا ہے۔ کوئی جواب دینے سے پیشتر یا کوئی قدم اُٹھانے سے پہلے "سُن" کوئی ہے جو تجھے پیار کرتا اور تیری رہنمائی کرتا ہے۔





## یروشلیم کا مقدس سرل

**ہوشیع 6-1:6** **زبور 50**

**مقدس لوقا 14-9:18**

**"اے خداوند مجھ گنہگار پر رحم کر" مقدس لوقا 13:18**

یہ کس کے الفاظ ہیں جو داوٗد بادشاہ کی مانند اپنے گناہ سے واقف ہے۔ اور خداوند سے رحم مانگتا ہے۔ میں پشمانی کے ساتھ اپنا سر اُٹھانے کی جرات بھی نہیں کرتا اور مقابلہ بازی نہیں کرتا۔ یہ دل کی دعا ہے۔ جو میں بھی اکثر یسوع سے کرتا ہوں۔ یہ دل کی دعا ہی ہے۔ جس کے ذریعے مَیں اکثر خداوند یسوع مسیح سے مخاطب ہوتا ہوں۔ اسی کا شکریہ جس کے ذریعے خداوند یسوع مسیح اپنی حضوری میں میری مدد کرتا ہے اور کسی چیز اور کسی انسان سے نہیں ڈرتا۔

1 سموئیل 13-10,7-6:4-1:16 زبور:22

افسیوں 14-8:5 مقدس یوحنا 41-1:9

**''تو نے اسے دیکھا ہے وہی ہے جو تجھ سے بات کرتا ہے''۔ مقدس یوحنا 37:9**

یوحنا رسول خداوند یسوع مسیح کے اس ظہور کا حوالہ دیتا ہے۔ جو پیدائشی نابینا شخص کے ساتھ ہوا۔ خداوند یسوع مسیح نے خود اس کی آنکھیں مٹی لگا کر کھولیں اور اسے کہا کہ سلوام کے تالاب میں جا کر دھو۔ سب سے بڑا تحفہ جو اس آدمی نے حاصل کیا وہ دیکھ سکتا ہے بلکہ خداوند یسوع مسیح کو دیکھ لیا تھا۔ اس کے چہرے کے نور نے اس کی زندگی بدل دی۔





## مقدس یوسف مقدسہ مریم کنواری کے شوہر کی عید

2۔سموئیل 16,14-12,5-4:7 زبور:88

رومیوں 22-18,16-13:4 مقدس متی 24,21-18,16:1

**''تو اس کا نام یسوع رکھنا''۔مقدس متی 21:1**

اے خداوند یسوع مسیح تیرے نام کا شکریہ جب میں نے ایک دوست کو خداوند یسوع مسیح کا نام محبت اور احترام سے لیتے سُنا تو میرے اندر تجھے بہتر طور پر جاننے اور تیری مرضی کے مطابق زندگی بسر کرنے کی خواہش پیدا ہوئی۔ تیری انجیل پڑھنے اور تیری تعلیمات کا شکر ہے کہ تو نے میرے اس سفر میں مجھے اس مذہب کو صرف روائتی طور پر سمجھنے سے بچا لیا ہے۔ میں نے تیرے ساتھ ذاتی رابطہ شروع کیا ہے۔ اے میرے مالک اور میرے خدا۔

حزقی ایل 12,9-1:47 زبور:45

## مقدس یوحنا 16-1:5

**''اپنا کھٹولا اُٹھا کر چلا جا''۔مقدس یوحنا 11:5**

کچھ دنوں سے ایک بہن سر چکرانے سے پریشان تھی اور وہ بہت فکر مند تھی۔اسے بہت اہم خدمت کا آغاز کرنا تھا۔ایک ماہر معالج کی معائنہ اور سخت علاج کے باوجود وہ شفا نہیں پا رہی تھی۔پھر ہم نے خداوند یسوع مسیح سے درخواست کی اور دوسرے دن ہی بہتر محسوس کر رہی تھی۔شکریہ اے جی اُٹھے یسوع کہ جو تیری خدمت کرتے ہیں تو اُن کی سُنتا ہے۔





اشعیا 15-8:49 زبور:144

## مقدس یوحنا 30-17:5

**''جو کوئی اِس پر ایمان رکھتا ہے جس نے مجھے بھیجا وہ ہمیشہ کی زندگی رکھتا ہے'' مقدس یوحنا 24:5**

خداوند یسوع ان یہودی سرداروں سے بات کر رہا ہے جو ابھی تک اس قابل نہیں ہو سکے کہ کیسے خداوند یسوع مسیح اس مفلوج کو شفا دے سکتا ہے۔ خدا کو وہ اپنا باپ کہتا ہے۔درحقیقت یہی وہ بھید ہے جو خداوند یسوع مسیح ہم پر ظاہر کرنا چاہتا ہے میں اس پر اُسکے اور پاک کلام پر یقین رکھتا ہوں جو کہ اس کے باپ کا کلام اور ہمیشہ کی زندگی ہے۔

## مقدس ٹوریبیوڈی موگرووبجو

**خروج 32:7-14** **زبور:105**

**مقدس یوحنا 5:31-47**

**''میں اپنے باپ کے نام سے آیا ہوں''۔مقدس یوحنا 5:43**

اے خداوند یسوع مسیح تو خدا باپ کا پیارا بیٹا ہے جو اس دُنیا میں انسان بن کر آیا۔ اِس پُر محبت اَور فرمانبرداری میں تُو صلیبی موت تک مستقل مزاج رہا۔ ہمیں بھی اپنی مانند جینا سکھا تا کہ باپ کے حقیقی بچے بن کر اس کی محبت میں قربانی دینے سے دریغ نہ کریں۔





**حکمت 2:1,12-22** **زبور:33**

**مقدس یوحنا 7:1-2,10,25-30**

**''جس نے مجھے بھیجا وہ سچا ہے''۔مقدس یوحنا 7:28**

کئی یہودی خداوند یسوع کی بابت بات کرتے ہیں ایسے جیسے وہ اچھی طرح جانتے ہوں۔ خداوند یسوع مسیح جانتا ہے کہ وہ غلطی پر ہیں۔ اس لئے کوشش کرتا ہے کہ وہ اس کی حقیقت کو جانیں کہ وہ آسمانی باپ کا بیٹا ہے۔ اُسی نے اِسے بھیجا تا کہ سب پر اس کی محبت ظاہر کر سکے۔

یسوع تیرا شکر یہ کہ تو آیا ہے۔ تا کہ میں بھی سچائی میں جی سکوں میں تجھے قبول کرنا اور پیار کرنا چاہتا ہوں۔

## فرشتے کا پیغام کی عید

اشعیاہ 10:8:14-10:7 زبور: 39

عبرانیوں 10-4:10 مقدس لوقا 38-26:1

### ”تو نے خدا کے نزدیک فضل پایا ہے“۔ مقدس لوقا 30:1

مقدسہ مریم کو کونسا فضل ملا؟ یہ خداوند یسوع مسیح کو روح القدس کی وساطت سے اپنی گود اور زندگی میں لے۔

اے باپ تیرا شکر یہ کہ تو نے مجھے بھی خداوند یسوع مسیح کو اپنے دِل میں جگہ دینے اور اس پر ایمان رکھنے کی توفیق عطا کی۔

اے مقدسہ مریم خداوند یسوع کی ماں تو ہمارے لئے بھی اس خوشی کی گواہ ہونے کا فضل حاصل کرے گا۔





حزقیال 14-12:37 زبور: 129

رومیوں 11-8:8 مقدس یوحنا 45-1:11

### ”قیامت اور زندگی مَیں ہی ہوں“۔ مقدس یوحنا 25:11

دُنیا کے تمام لوگ اپنی زندگی میں تجربہ کرتے ہیں کہ انسان کتنا کمزور اور لاچار ہے۔ یہ ایک روشنی ہے جس کے لیے ہم خداوند کا شکرادا کریں اور کوشش کریں کہ کلیسیاء میں متحد ہو کر ایک دوسرے سے محبت اور امن سے زندگی گزاریں۔ اس طرح ہم روحانی طور پر زندہ یسوع میں ہمیشہ کی زندگی کے وارث ہونگے۔

دانیال 62-33,30,19-15,9-1:13 زبور22

## مقدس یوحنا 11-1:8

**''میں بھی تجھ پر فتویٰ نہیں لگاتا''۔ یوحنا 11:8**

خُداوند یسوع مسیح اِس گنہگار عورت کو کہتا ہے میں بھی نہیں تجھ پر فتویٰ نہیں لگاتا۔ کیونکہ وہ فتویٰ لگانے والوں کے اسرار سے اُسے چھڑا چکا تھا۔

جب مجھے بھی کسی پر فتویٰ لگانے کی خواہش پیدا ہو تو میں محتاط رہوں گا۔

جب میں خداوند یسوع مسیح کی سنوں گا جو دہرا رہا ہے۔ میں نہیں تو پھر میں خود پر نظر کروں گا تو اپنے ہاتھوں سے پتھر پھینک دونگا اور خداوند یسوع مسیح سے گزارش کرونگا کہ وہ مجھے اور دوسروں کو بچانے آئے۔





عدد 9-4:21 زبور:101

## مقدس یوحنا 30-21:8

**''جیسا باپ نے مجھے سکھایا ویسے ہی یہ باتیں کہتا ہوں'' مقدس یوحنا 28:8**

خداوند یسوع مسیح نے ہمیشہ باپ سے سیکھا اوراس کی فرمانبرداری کی۔اس نے ہمیشہ باپ کی مرضی کے مطابق کلام کیا اور زندگی بسر کی کیونکہ اسے معلوم تھا کہ وہ باپ کو پیار کرتا ہے اور باپ اسے پیار کرتا ہے۔اس پر اُس نے کبھی شک نہیں کیا تب بھی جب یہ محبت اسے صلیب پر لے آئی۔اب بھی میرا خداوند مجھے پیار کرتا ہے جب میں مکمل بھروسے سے اُسکی فرمانبرداری کرتی ہیں۔

دانیال 3:14-20,46-50,91-92,95 زبور (دانیال) 3:52-56

مقدس یوحنا 8:31-42

**’’اگر بیٹا تمہیں آزاد کریگا تو تم درحقیقت آزاد ہو گے‘‘۔ مقدس یوحنا 8:36**

اے خداوند یسوع مسیح تیرا شکریہ کہ تو نے اُس کلام کی حقیقت عطا کی۔ جب میں نے تیرے فضل کے ساتھ تیرے کلام کے مطابق زندگی بسر کی اگرچہ صلیب کے چند لمحات بھی آئے تو بھی خوشی اور آزادی حاصل کی۔ تاکہ یہ دوسرے بھائیوں کو بھی دے سکوں۔





تکوین 17:3-9 زبور: 104

مقدس یوحنا: 8:58-59

**’’ابراہیم ۔۔۔ میرا دِن دیکھنے کی تمنا میں نہایت شادمان تھا‘‘۔ مقدس یوحنا 8:56**

ابراہیم ایک مثال ہے۔ جو خدا کے وعدوں پر یقین رکھتے ہیں۔ جب کبھی ایسا بھی لگے کہ وہ ناممکن ہیں۔ سب سے خوبصورت اس نے اپنی زندگی میں نہیں بلکہ بعد میں پورا ہوتا دیکھا۔ یسوع حقیقی اضحاق ہے خدا کا وعدہ کیا ہوا بیٹا۔ وہ بیٹا جو نہ صرف ایک کو بلکہ بہتوں کو زندگی دے گا

اے خداوند یسوع مسیح ہم تجھے سجدہ کرتے ہیں باپ کے ابدی بیٹے اسرائیل کے تمام تر نیکوکاروں کی طرح جو تجھے دیکھنے کی انتظار میں ہیں۔

ارمیا 13-10:20 زبور:17

مقدس یوحنا 42-31:10

## ’’میں نے تمہیں باپ کی طرف سے بہتیرے نیک کام دکھائے ہیں۔‘‘ مقدس یوحنا10 : 32

عوام خداوند یسوع مسیح پر پتھراؤ کرنے کو تیار تھے۔ایسے معلوم ہوتا تھا کہ اس نے صرف باپ کے پیار کے کام کئے ہیں۔ایک حقیقی بیٹے کی مانند باپ اِسی طرح کی محبت ہے اُس سے انکارنہیں کرتا اگر چہ وہ اس امر میں زندگی بھی قربان کر دے گا۔

میں بھی اے یسوع تجھ سے حوصلہ پاتا ہوں تا کہ تیرے بھائی کی سی زندگی گزاروں تا کہ جب میرے سامنے مشکلات آئیں تو میں مضبوط رہ سکوں۔

---------------------------------------

---------------------------------------

---------------------------------------

---------------------------------------

---------------------------------------